© rasailojaraid.com

# آہ! الشیخ عبد اللہ عزام ؒ

گذشتہ روز ایک مجاہد فلسطینی عالم الدکتور الشیخ عبد اللہ عزام ؒ پشاور میں اپنے دو لڑکوں سمیت بم کے دھماکہ میں جامِ شہادت نوش کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ جمعہ کی نماز پڑھ کر اپنی گاڑی میں اپنی رہائش گاہ پر واپس جا رہے تھے کہ گاڑی میں فٹ کیا ہوا بم پھٹا اور تینوں باپ بیٹے شہید ہو گئے۔

ڈاکٹر عبد اللہ عزام ؒ سعودی عرب کے رہنے والے تھے۔ یونیورسٹی کے پروفیسر تھے۔ جہاد افغانستان کے آغاز کے ساتھ ہی جذبۂ جہاد سے سرشار ہو کر ملازمت سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے محاذِ جنگ پر آ گئے۔ مختلف محاذوں پہ جنگ میں حصہ لیا۔ افغان مجاہدین کی حمایت و امداد کے لیے ادارہ قائم کیا، جہادِ افغانستان پر مقالات اور کتابیں لکھیں۔ 'الجہاد' کے نام سے ایک معیاری عربی جریدے کی اشاعت کا اہتمام کیا اور ان جذبۂ جہاد سے سرشار عرب نوجوانوں کی راہنمائی اور قیادت کی جو مختلف ممالک سے جہادِ افغانستان میں شرکت کے لیے محاذوں پر پہنچے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر عبد اللہ عزام ؒ جہادِ افغانستان کو بجا طور پر ملتِ اسلامیہ کی نشاۃ ثانیہ کا آغاز سمجھتے ہوئے اس میں شریک تھے اور دنیا بھر کے مسلم علماء کو جہاد میں شریک دیکھنے کے خواہشمند تھے۔

شہادت کی آرزو ان کے دل میں تھی اور زبان ہر وقت شہادت اور جہاد کے ذکر سے تر رہتی تھی۔ انہوں نے اپنی منزل پا لی ہے اور اپنے رب کی بارگاہ میں سرخرو جا پہنچے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ان کی یہ قربانی اس دنیا میں بھی رائیگاں نہیں جائے گی۔ افغان مجاہدین کامیابی کی منزل سے ہمکنار ہوں گے اور جہادِ افغانستان دنیا بھر میں احیائے اسلام کی جدوجہد کا نکتۂ آغاز ثابت ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عبد اللہ عزام ؒ اور ان کے شہید بیٹوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور ان کے عظیم مشن کو کامیابی سے ہمکنار فرمائیں۔ آمین

آمین یا الٰہ العالمین

راشدی

۲۶ - ۱۱ - ۸۹ء

نفاذِ اسلام کی جدوجہد کا علمی و فکری ترجمان

ماہنامہ **الشریعۃ** گوجرانوالہ

جلد — دسمبر ۱۹۸۹ء — شمارہ ۳

سرپرست

شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز خان صفدر

مدیر

ابو عمار زاہد الراشدی

معاونین

ڈاکٹر نور محمد غفاری

پروفیسر غلام رسول عدیم

حافظ مقصود احمد ایم اے

حافظ عبید اللہ عابد

حافظ محمد عمار خان ناصر

بدل اشتراک

اندرون ملک سالانہ /۱۰۰ روپے فی پرچہ /۱۰ روپے

| | |
|---|---|
| امریکی ممالک | سالانہ پندرہ ڈالر |
| یورپی ممالک | سالانہ دس پونڈ |
| سعودی عرب | سالانہ پچاس ریال |
| عرب امارات | سالانہ پچاس درہم |

خط و کتابت

۱۔ منیجر ماہنامہ الشریعۃ مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

۲۔ پوسٹ بکس ۳۳۱ گوجرانوالہ

رقوم کی ترسیل کے لیے

(مولانا زاہد الراشدی)

اکاؤنٹ نمبر ۱۵۹۹ حبیب بنک

بازار تھانے والا گوجرانوالہ

مسعود اختر نے مسعود پرنٹرز میکلوڈ روڈ لاہور سے طبع کرا کر محمد عبد المتین خان نے مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ سے شائع کیا۔

© rasailojaraid.com